
© rasailojaraid.com



محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



# تعارف وتبصرہ کتب

## • الدلیل الضروری لمسائل القدوری .........مولانا امجد حسن خان

ضخامت: ۶۲۷صفحات    ناشر: مکتبۃ السنۃ لاہور پاکستان

فقہ حنفی میں مختصر القدوری کی اہمیت اہل علم سے مخفی نہیں جس میں انسانی زندگی کی تمام مسائل بڑے جامع اور سلجھے ہوئے انداز سے حل کیے ہیں۔عربی ، اردو، فارسی، پشتوان تمام زبانوں میں بکثرت اسکی شروحات پائی جاتی ہیں، اس سلسلہ کی ایک کڑی مولانا امجد حسن خان کی زیر تبصرہ کتاب الدلیل ضروری لمسائل القدوری بھی ہے جس میں موصوف نے اپنے علمی ذوق کے مطابق تحقیقی کام کیا ہے عربی زبان میں یہ شرح قدوری کے تمام مسائل کو بڑے خوبصورت انداز اور اچھے اسلوب میں پیش کرتے ہیں۔موصوف نے نہایت جانفشانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اہم علمی خدمت انجام دی ہے ،تاہم اگر اسے جدید تقاضوں کے مطابق کمپوز کر کے شائع کیا جائے تو قارئین کی دشواری ختم ہوگی، اللہ موصوف کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔ (مبصر: محمد اسلام حقانی)

## • فضلیت علم.................مؤلف: حافظ ابوبکر صدیق

ضخامت: ۱۵۰صفحات    ناشر جامعہ زکریا رانا ٹاون قائم پور تحصیل......پور ضلع بہاولپور

علم کی اہمیت پر ہر دور کے علماء نے ہر زبان میں اس پر بہت کچھ لکھا اور ہر ایک نے لکھنے کا حق بھی ادا کیا، انہی شخصیات میں ایک نام امام فخر الدین رازی کا بھی ہے ،انہوں نے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ وعلم آدم الاسماء کلھا کے تحت اپنی مایہ ناز تفسیر مفاتیح الغیب میں آیات قرآنی اورکتب ساویہ اوراحادیث مبارکہ کی روشنی میں علم کی فضیلت ومنقبت کو احسن انداز میں واضح کیا ہے۔

زیر نظر کتاب ’’فضیلت علم‘‘ تفسیر کبیر کی اسی حصہ کا سلیس عام فہم ترجمہ ہے۔مولانا محمد ابوبکر صدیق نے نہایت محنت ،توجہ اور عرق ریزی سے یہ علمی کام سرانجام دے کر مختلف مقامات پر حسب ضرورت معلوماتی اضافوں سے اس کتاب کو مزین فرمایا۔اللہ موصوف کی اس کاوش اور محنت کو قبول فرما کر اس کتاب کو قبولیت عامہ سے نوازے۔ (مبصر: اسلام حقانی)

© rasailojaraid.com